
CANADA

# IQBAL DAY 2017

## #AllamaMIqbal



"اک مردِ قلندر نے کیا رازِ خودی فاش!"

**PRESENTED BY**

**INTERNATIONAL IQBAL SOCIETY &**

**CONSULATE GENERAL OF PAKISTAN, TORONTO**

**IN PARTNERSHIP WITH**

**PAKISTAN BUSINESS ASSOCIATION OF HAMILTON**

# PROGRAM HIGHLIGHTS

| | |
|---|---|
| Registration and Documentary | Documentary: The Message From The East |
| Quran Recitation | Ibrahim Noman |
| Naat e Rasul e Maqbul (saw) | Qari Muhammad Waseem |
| Dua – Ya Rab! Dil e Muslim ko.. | Kids Performance |
| Opening Remarks by Host | Noman Bokhari - Founder International Iqbal Society |
| Brief talks | Dignitaries |
| Keynote Address | Dr. Taqi Abedi – Renowned Iqbal Scholar |
| Address | Mr. Imran Siddiqui – Consul General of Pakistan |
| Dinner | Kalam e Iqbal Videos |
| Mehfil e Kalam e Iqbal | Mr. Tariq Hameed and Team |
| Dua - Lap Pe Aati hai... | Chorus |



# Dr. Sir Allama Muhammad Iqbal - Timeline

| | |
|---|---|
| 1877: | Born at Sialkot (present-day Pakistan) on Friday, November 9, 1877. |
| 1893–1895: | High School and Intermediate – Scotch Mission College, Sialkot. |
| 1897: | B.A. (Arabic and Philosophy) – Government College, Lahore. Awarded Jamaluddin Gold Medal for securing highest marks in Arabic, and another Gold Medal in English. |
| 1899: | M.A. (Philosophy) – Government College, Lahore. Secured first rank in Punjab state and Awarded Gold Medal. Reader in Arabic, Oriental College, Lahore. |
| 1903: | Assistant Professor, Government College, Lahore.<br>Published his first book, Ilm Al-Iqtisad (Study of Economics), Lahore. |
| 1905: | Degree in Philosophy, University of Cambridge |
| 1907: | Ph.D., Munich University, Germany<br>(Thesis: The Development of Metaphysics in Persia). |
| 1907–1908: | Professor of Arabic, University of London. |
| 1908: | Bar-at-Law, Lincoln's Inn, London.<br>Returned to India.<br>Started law practice on October 22, 1908.<br>Part-time Professor of Philosophy and English Literature. |
| 1911: | Professor of Philosophy, Government College, Lahore. |
| 1913: | Wrote History of India for middle school students, Lahore. |
| 1915: | Published a long Persian poem Asrar-e-Khudi ("Secrets of Self").<br>Resigned from professorship to spread the message of Islam. |
| 1918: | Published Rumuz-e-Bekhudi (Mysteries of Selflessness) in Persian. |
| 1920: | English translation of Asrar-e-Khudi by R.A. Nicholson, entitled Secrets of Self. |
| 1923: | Awarded knighthood at Lahore on January 1, 1923.<br>Published Payam-i-Mashriq (The Message of the East) in Persian. |
| 1924: | Prepared Urdu course material for Grade 6–7 students at Lahore.<br>Published Bang-e-Dara ("Call of the Caravan") in Urdu in March 1924. |
| 1926: | Elected to Punjab Legislative Council, Lahore (1926–1929). |
| 1927: | Published Zabur-i-Ajam in Persian. |
| 1929: | Delivered six lectures at Madras, Osmania University at Hyderabad, and Aligarh. |
| 1930: | President, All-India Muslim League. Elaborated on the idea of an independent Muslim state in his presidential speech at Allahabad. |
| 1931: | Published Reconstruction of Religious Thought in Islam, a collection of six lectures, Lahore also published by Oxford University Press.<br>Participated in Mo'tamar-A'lam-e-Islami (World Muslim Conference) in Palestine.<br>Participated in the Second Round Table Conference, London, Sep. 7–Dec. 31, 1931. |
| 1932: | Visited Paris and met French philosophers Bergson and Massignon.<br>Published Javid Nama in Persian. It was a reply to Dante's Divine Comedy.<br>Participated in the Third Round Table Conference, London, Nov. 17–Dec. 24, 1932. |
| 1933: | Iqbal met Mussolini in Rome after Mussolini expressed his interest to meet him.<br>Visited Cordoba, Spain and wrote the poems "Dua" and "Masjid-e-Qurtuba"<br>Served as Advisor to the Government of Afghanistan on higher education (Oct. 1933).<br>Awarded Honorary D. Litt degree by Punjab University on December 4, 1933. |
| 1934: | Published Musafir ("Traveller") in Persian. |
| 1935: | Published Bal-e-Jibril in Urdu. |
| 1936: | Published Zarb-i-Kalim in April 1936, Pas Che Bayad Kard, and Payam-e-Mashriq in September 1936. |
| 1937: | Ulema from Al-Azhar University visited Iqbal at Lahore. |
| 1938: | Jawahar Lal Nehru visited Iqbal at Lahore in January 1938.<br>Iqbal died at Lahore on April 21, 1938.<br>Armaghan-i-Hijaz, a collection of Urdu and Persian poems, published posthumously |







زیارت گاہ اہل عزم و ہمت ہے لحد میری
کہ خاک راہ کو میں نے بتایا راز الوندی

# Works of Allama Iqbal

Iqbal was an heir to a very rich literary, mystic, philosophical and religious tradition. He imbibed and assimilated all that was best in the past and present Islamic and Oriental thought and culture. His range of interests covered Religion, Philosophy, Art, Politics, Economics, the revival of Muslim life and universal brotherhood of man. His prose, not only in his national language but also in English, was powerful. His two books in English demonstrate his mastery of English. But poetry was his medium par excellence of expression. Everything he thought and felt, almost involuntarily shaped itself into verse.

1. **Ilm al-Iqtisad** (The Science of Economics). In Urdu prose (1903) - One of the first books on Economics in Urdu.
2. **The Development of Metaphysics in Persia**. In English prose (1908) - It is a contribution to the history of Islamic philosophy.
3. **Asrar-i-Khudi** (The Secrets of the Self). In Persian verse (1915) - As the name shows it discusses the philosophy of Khudi.
4. **Rumuz-i-Bekhudi** (The Mysteries of Selflessness) In Persian verse (1917) - It discusses the philosophy of pooling the individual's Khudi into the nation's Khudi.
5. **Payam-i-Mashriq** (The Message of the East). In Persian verse (1923) - It was written in response to "West-Oestliche Diwan" of Goethe to present the values of the Eastern (Islamic) culture in contrast with the Western culture.
6. **Bang-i-Dara** (The Call of the Marching Bell). In Urdu verse with some Persian (1924) - It covers many fields and many kinds of poetry.
7. **Zubur-i-`Ajam** (The Psalms of Persia). In Persian verse (1927) - Most of it is in ghazals which carry Islamic themes.
8. **The Reconstruction of Religious Thought in Islam**. In English prose (1930) - The learned author has tried to meet the general demand of attempting to reconstruct Muslim religious philosophy with due regard to the philosophical traditions of Islam and the more recent developments in various domains of human knowledge. This was his master plan and can be considered as a seed which germinated, grew and blossomed in his poetical works.
9. **Javid Namah** (The Book of Eternity). In Persian verse (1932) - It is an allegory containing the climax of the flight of imagination. It is written on the lines of Mi'raj Namahs (Books of the Celestial Ascension of the Holy Prophet S.A.W. He soars through the celestial world in the company of Maulana Rumi and meets the heroes and heroines of the past who provide him with opinions on some of the problems of the modern age.
10. **Bal-i-Jibril** (The Gabriel's Wings). In Urdu verse with some Persian (1935) - This is a treasure of Islamic knowledge and wisdom.
11. **Pas Che Bayad Kard Ai Aqwam-i-Sharq** (So What Should be Done O The nations of East). In Persian verse (1936)- It exhibits the secrets of the destinies of nations.
12. **Musafir** (The Wayfarer)- In Persian verse (1936). It deals with his reflections on his trip to Afghanistan
13. **Zarb-i-Kalim** (The Blow of Moses) In Urdu verse with some Persian (1936) - This is a declaration of war against the modern age.
14. **Armaghan-i-Hijaz** (The Gift for Hijaz). In verse in separate Persian and Urdu Parts (1938) Among other things it contains expression of his Love for God, the Holy Prophet S.A.W. and the Muslim Ummah. He wrote it at the time he was preparing for pilgrimage to Makkah-i Mu`azzamah. However, the pilgrimage did not materialize due to fast deterioration of his health and ultimate death in April 1938.

فلسفہ و شعر کی اور حقیقت ہے کیا
حرفِ تمنا، جسے کہہ نہ سکیں روبرو



International Iqbal Society
( Formerly DISNA )
عالمی مجلس اقبال

# INTERNATIONAL IQBAL SOCIETY

www.Iqbal.com.pk - info@Iqbalsociety.org

International Iqbal Society (formerly DISNA) was conceived and founded by Noman Bokhari on 11th February 2009, in Toronto, Canada, to create a platform for embedding high morals in individuals and society through imparting awareness, knowledge and intellect, the core doctrine being Iqbal's works for the achievement of this very objective.

## Our Vision

The vision behind International Iqbal Society (IIS) is to propagate Allama IQBAL's revolutionary vision and global philosophy to every nook and corner of the world, in words and through individuals who have the gift of self-awareness. Both these resources would play a pivotal part in reflect in the true core and philosophy of Iqbal's message.

## Our Mission


Our mission is to provide opportunities to individuals and masses for understanding Allama's message in its real sense and show them ways to implement it in their lives. In this way IIS aims to liberate the world from chains of despair and to embed values of unity, solidarity and self reliance in our society.

## Our Key Objectives

Main domains of focus at each layer of the organization constitute the following essentials:

- To increase understanding of Iqbal's message
- To facilitate learning of Iqbaliat at a higher level
- To assist PhD students of Iqbaliat in their research intellectually and financially
- To endorse education generally and Iqbaliat specifically
- To highlight importance of literature in education
- To promote literacy programs, lectures, seminars, discussion groups, forums, debates, speech contests
- To establish IIS schools, academies, colleges and universities for free education
- To establish IIS free-of-cost educational institutions for special children
- To devise a plan for an overall cost effective education system
- To reinforce students at all levels with prizes and awards
- To start publishing IIS monthly magazine/ newsletter
- To establish and develop public libraries for research and academic activities and literary programs

**Over 7.9 million followers**




http://youtube.com/AllamaMIqbal
http://facebook.com/AllamaMIqbal
http://twitter.com/AllamaMIqbal
http://instagram.com/AllamaMIqbal
http://bit.ly/AllamaMIqbal_AndroidApp
http://dailymotion.com/AllamaMIqbal

"The highest stage of man's ethical progress is reached when he becomes absolutely free from fear and grief."

# پیامِ اقبالؒ

(علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ نے ''بالِ جبریل'' میں، حکیم سنائی غزنویؒ کے مزار پر حاضری کے زیرِ اثر لکھی ہوئی پہلی غزل میں، انسان کی ذات کو تین حصّوں میں بانٹا ہے۔ پہلا حصّہ انسانی ممکنات کی ''تمہید وتعارف'' ہے۔دوسرا حصّہ انسانی زندگی میں ''درپیش مسائل'' ہیں اور تیسرا حصّہ انسانی مقصدِ حیات کی تکمیل کے لئے، ان ''مسائل کا دائمی حل'' ہے۔جب تک ان تینوں حصّوں کو ترتیب وار پڑھا نہ جائے، غزل کے پورے مضمون تک، ذہنوں کی رسائی مشکل ہے)



سیّد افتخار حیدر۔ ٹورانٹو کینیڈا

## حصّہ اوّل

### (تمہید وتعارف)

سما سکتا نہیں پہنائے فطرت میں مرا سودا
غلط تھا اے جنوں شاید ترا اندازۂ صحرا

اس حالتِ عشق میں میرا سودائی پن کچھ ایسا ہے کہ فطرت کی لامحدود کائنات بھی اس کے سما جانے کے لئے کافی نظر نہیں آتی۔اے میری جنونی کیفیت! عشق کی صحرانوردی کے شوق میں تو نے اسکی رکاوٹوں اور تنگیوں کا اندازہ لگانے میں شاید غلطی کر دی۔

خودی سے اس طلسمِ رنگ وبُو کو توڑ سکتے ہیں
یہی توحید تھی جس کو نہ تُو سمجھا نہ میں سمجھا

لیکن اس جہان کی الجھا لینے والی رنگا رنگ رکاوٹوں اور بندشوں کو توڑا جا سکتا تھا؛ بشرطیکہ خالقِ مطلق کے کمالِ علم وحکمت پر مبنی مقصدِ تخلیق کے ساتھ ہم اپنی عقل وعمل کو ایک کر کے مقامِ توحید (لا الٰہ الا اللہ) حاصل کر لیتے۔لیکن اس حقیقت تک نہ تیری رسائی ہوئی اور نہ میں سمجھ سکا۔

نگہ پیدا کر اے غافل تجلّی عینِ فطرت ہے
کہ اپنی موج سے بیگانہ رہ سکتا نہیں دریا

آنکھیں رکھتے ہوئے بھی اس غفلت کے اندھے پن کو چھوڑ اور انسانوں کے لئے بصیرتوں کے مجموعہ (بصائر للناس ۴۳:۲۸) قرآن سے دیکھنے والی چشمِ بصیرت پیدا کر لے، جو لامحدود فطرت میں ہر طرف پھیلی ہوئے تیری اپنی ہی حقیقت کے جلوے دیکھ سکے۔کیا کوئی دریا بھلا اپنے ہی پانی کی روانی اور لہروں سے بے خبر رہ سکتا ہے۔

رقابت علم وعرفاں میں غلط بینی ہے ممبر کی
کہ وہ حلاج کی سولی کو سمجھا ہے رقیب اپنا

سیاسی، مذہبی، معاشی خودغرضیوں کی رقابت کے اجتماعوں نے اپنے اپنے فورم کے ممبروں سے حقیقی عقل و دانش میں غلط فہمیاں پیدا کر رکھی ہیں۔یہاں تک کہ وہ حُسین بن منصور حلاجؒ کو اُن کی حق پر مبنی تعلیمات کی وجہ سے اپنا رقیب سمجھ کر سولی چڑھا دیتے ہیں۔

خدا کے پاک بندوں کو حکومت میں غلامی میں
زرہ کوئی اگر محفوظ رکھتی ہے تو استغنا!

اللہ کے ساتھ منسلک رہنے والے پاکیزہ صفات بندوں کو حاکمانہ امیری یا غلامانہ غریبی میں اگر کوئی چیز حفاظت کے لئے زِرہ بکتر بنتی ہے تو وہ اُن کی اپنی خودی کی دولت کا استغنا ہے۔(مرا طریق امیری نہیں فقیری ہے۔خودی نہ بیچ فقیری میں نام پیدا کر۔اقبالؒ)

نہ کر تقلید اے جبریل میرے جذب و مستی کی
تن آساں عرشیوں کو ذکر وتسبیح وطواف اولیٰ!

اللہ کی کارفرما قوتوں میں نبیوںؑ سے رابطہ رکھنے والے اے جبریلؑ! تُو میری نقل نہ کر! میں تو مسجودِ ملائک انسان ہوں۔جسے جذبۂ عشق نے اپنی ذات میں یوں مست کر رکھا ہے کہ اپنے محبوب سوا کوئی ہوش نہیں رہی۔آپ اہلِ تفسیر کے مطابق آرام سے بیٹھ کر، ذکر وتسبیح کے زبانی کلامی ورد کو ترجیح دیتے رہیں☆

## حصّہ دوئم

### (درپیش مسائل)

بہت دیکھے ہیں میں نے مشرق ومغرب کے میخانے
یہاں ساقی نہیں پیدا، وہاں بے ذوق ہے صہبا!

میں جس مقام پر بھی ہوں، وہاں سے سورج نکلنے اور ڈوبنے کی طرفین میں علم اور عرفان سکھانے والی درسگاہوں کے میخانے میں نے بہت دیکھے ہیں، لیکن افسوس کہ کہیں تو اس سکھانے والے اساتذہ ٹھیک نظر نہیں آتے اور کہیں جو علم پڑھایا جا رہا ہے اُس میں فائدہ بخش تسکین کا سامان موجود نہیں۔

نہ ایراں میں رہے باقی، نہ توراں میں رہے باقی
وہ بندے فقر تھا جن کا ہلاکِ قیصر وکسریٰ

اب دنیا کے مختلف ملکوں میں کہیں بھی، نہ ایران میں اور نہ ہی قدیم ترکی کے علاقوں میں، ایسے صاحبانِ فقر بندے نظر نہیں آتے جو قیصر وکسریٰ جیسی باطل مملکتوں کو اپنے حق پرست فقر سے شکست دے کر حق اور انصاف کی حکومت قائم کر سکیں۔

یہی شیخ حرم ہے جو چُرا کر بیچ کھاتا ہے
گلیمِ بُوذرؓ و دلقِ اویسؓ و چادرِ زہراؓ

اب تو دین کے سب سے بڑے مرکز خانہ کعبہ کے امام کی بھی یہ حالت ہو چکی ہے کہ وہ دین میں فقر وتقویٰ کے مثالی کرداروں کے تبرکات جیسے بوذر غفاریؓ کی گودڑی، اویس قرنیؓ کی اوڑھنی اور سیدۃ النساء زہرا سلام اللہ علیہا کی متبرک چادر جیسے تبرکات کو بھی چوری بیچ کھاتے ہیں۔ایسے شیخ الحرم بھلا دین کی پناہ کیسے بن سکتے ہیں۔

حضورِ حق میں اسرافیلؑ نے میری شکایت کی
یہ بندہ وقت سے پہلے قیامت کر نہ دے پیدا

حالات کی ایسی شکستہ حالت کا پردہ فاش ہوتا دیکھ کر قیامت میں صُور پھونکنے والے فرشتے اسرافیلؑ نے اللہ کے حضور میری شکایت کی کہ: یہ بندہ ایسے حالات کی نشان دہی کرتا رہا تو پھر کہیں قبل از وقت قیامت نہ برپا کرنی پڑ جائے۔

ندا آئی کہ آشوبِ قیامت سے یہ کیا کم ہے
گرفتہ چینیاں احرام و مکّی خفتہ در بطحا (حکیم سنائیؒ)

جواب ملا کہ یہ سارے حالات کیا قیامت کے حادثات سے کوئی کم ہیں۔خرابی ایسے ہو چکی ہے کہ: دور دراز چین کے بسنے والوں نے تو حجِ بیت اللہ کے لئے احرام باندھ لئے ہوں مگر اہلِ مکّہ ابھی تک وادیٔ مکّہ میں گہری نیند سوئے پڑے ہوں۔

لبالب شیشۂ تہذیبِ حاضر ہے مئے لا سے
مگر ساقی کے ہاتھوں میں نہیں پیمانۂ اِلّا

اس موجودہ تہذیب کا حال یہ ہے کہ ایک طرف تو، انکے اداروں کی بھری ہوئی تعلیمی صراحیاں، اللہ کی معبودیت کے انکار ''لا'' سے چھلک رہی ہیں۔۔اور دوسری طرف اللہ کی تعلیمات دینے والے تمام دینی اداروں کے پاس ان کو پلانے کے لئے ''اِلا اللہ'' کی مے سے لبریز صراحیاں تو درکنار، خود ان کے ہاتھوں میں'' اپنے لئے جام تک نہیں۔(کئے ہیں فاش رموزِ قلندری میں نے☆ کہ فکرِ مدرسہ وخانقاہ ہو آزاد!۔اقبالؒ)

دبا رکھا ہے اس کو زخمہ ور کی تیز دستی نے
بہت نیچے سُروں میں ہے، ابھی یورپ کا واویلا

کائنات کے ساز کی تاروں کو اپنے دستِ قدرت میں رکھنے والی ذات پاک نے اپنی حکمت سے بچا رکھا ہے (۲۔سورۃ البقرہ: آیت: ۲۵۱؛ اور ۳۰۔سورۃ روم: آیت: ۴۱) ورنہ یورپ کا واویلا

جس میں عظیم فساد چھپا ہے وہ ابھی بہت دھیمی سُروں میں ہے (بالِ جبریل کی اشاعت ۱۹۳۵ء اور یورپ میں دوسری جنگِ عظیم ۱۹۳۹ میں شروع ہوئی۔ کوریا۔ ویٹ نام ۔کشمیر۔ فلسطین۔ بنگلہ دیش۔افغانستان۔عراق۔لیبیا۔مصر۔شام کی تباہی اسی یورپی واویلا کا نتیجہ ہیں۔مگر اس ساز کا مضراب جس اللہ کے ہاتھ میں ہے۔اُس کی قدرت کا کمال انہیں حدوں میں دبائے رکھتی ہیں!)

اسی دریا سے اُٹھتی ہے وہ موجِ تند جولاں بھی
نہنگوں کے نشیمن جس سے ہوتے ہیں تہ وبالا

وقت کے بہتے دریا میں ایسے ایسے طوفان بھی اُٹھتے رہتے ہیں، جن سے مگر مچھ سپر پاورز تہ و بالا ہو جاتی ہیں۔لیکن وقت کا دریا اپنے راستے بدلتا آبشاریں، جھیلیں بناتا اور زمینوں پر نئی مٹی بچھاتا۔سمندر کی بیکراں منزل کی طرف لہراتا چلا جاتا ہے۔اسی میں فطرت اور قدرت کا ایک نظام پوشیدہ ہے، جسے کتابِ حق، تمام انسانوں کے مسائل کا دائمی حل پیش کرتی جاتی ہے☆

☆☆☆☆☆

## حصّہ سوئم

**(مسائل کا دائمی حل)**

غلامی کیا ہے؟ ذوقِ حسن و زیبائی سے محرومی
جسے زیبا کہیں آزاد بندے، ہے وہی زیبا!

غلامی ذہنیت والے لوگوں کی نشانی یہ ہے کہ وہ فطرت کے حسن اور آرائش کو براہِ راست پسند کرنے اور اُن سے فائدے حاصل کرنے کی بجائے اپنے مالک حاکموں کے طور طریقوں، زبان، لباس، آداب، درس و تدریس اور مزاج تک اپنا کر، غلامی کی دلدل میں پھنس جاتے ہیں۔ کلام الملوک ملوک الکلام، لباس الملوک ملوک اللباس کے محاورے انہی نمونوں کا ذکر ہے۔۔ایک چھوٹے سے جزیرے کے چند لوگ، انسانی اقدار کو ترک کر کے، گن پوڈر اور مکارانہ حکمت کے ذریعے پوری دنیا کو اپنی غلامی میں جکڑ لیتے ہیں اور ساری دنیا انہی طور طریقوں کو اپنے قبائل اور جزیروں تک میں اپنا کر ایک دوسرے پر ظلم کرتے ہیں۔ایسی ظالمانہ غلامی در غلامی کے نتیجے میں وہ فطرت کے حُسن و زیبائی سے محروم ہو جاتے ہیں۔اس کا علاج ایسے آزاد بندوں کے بتائے ہوئے حق کی تقلید میں ہے جو آدمؑ کے متقی بیٹے کی طرح اپنے غیر متقی بھائی سے کہہ سکیں کہ "اگر تو مجھ پر مارنے کیلئے ہاتھ اُٹھائے گا تو میں تجھ پر ہاتھ نہیں اُٹھاؤں گا۔۔اپنے نفس کے شیطانی ردِّعمل سے آزاد مرد کی یہ اپنے بھائی کو مجرمانہ حرکت سے روکنے کی تلقین و ہدایت تھی۔ایسے ہی آزاد مرد کو اللہ قرآن الحکیم میں "متقی" کی سند دیتا ہے۔ایسے بندوں کی بات ہی حق سچ بات ہو سکتی ہے۔

بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر
کہ دنیا میں فقط مردانِ حُر کی آنکھ ہے بینا!

مندرجہ بالا غلامانہ ذہنیت رکھنے والوں کی بینائی پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ یہ آنکھیں تو رکھتے ہیں مگر شے کی حقیقت سے اندھے ہیں۔یہ کان رکھتے ہیں مگر حق بات قبول کرنے سے بہرے ہیں۔ان کے دل دھڑکتے ہیں مگر انکا شعور مردہ ہے۔ایسے جیسے چلتی پھرتی لاشیں ہوں۔اس کے برعکس اللہ نے محض اُس کی طرف سے آئے ہوئے حق کو ہی حق گردانا ہے (۲: ۱۴۷؛ ۱۰: ۱۰۸؛ ۱۸: ۲۹) اور اس کتابِ حق قرآن المجید کو بصائرُ للناس (۲۸:۴۳) اپنے نفس کی تمام شیطانی بندشوں سے آزاد مردوں کی آنکھ ہی فقط ایسی "بصیرت" سے آراستہ ہو سکتی ہے!

وہی ہے صاحبِ امروز جس نے اپنی ہمت سے
زمانے کے سمندر سے نکالا گوہرِ فردا

آج کے دور میں جبکہ گزشتہ تہذیبوں کے دریا اپنی تمام غلاظتوں کے ساتھ وسیع سمندر بن کر، عالمگیر فسادی تمدن بن چکے ہیں، صرف وہی انسانِ کامل صاحبِ زمانہ بن سکتا ہے جس میں کائنات کی عقل و دانش پر مبنی قرآنی صلاحیتوں کی قائدانہ ہمت اور نورِ بصیرت ہو۔تاکہ اس سمندر کی اتھاہ تاریک گہرائیوں تک پہنچ کر اس میں سے انسانوں کیلئے آخرت کی خوشگوار دائمی زندگی گزارنے کا موتیوں جیسا دلکش قانون عائد کر سکتا ہو۔

فرنگی شیشہ گر کے فن سے پتھر ہو گئے پانی
مری اکسیر نے شیشے کو بخشی سختیِ خارا!

مغربی قوموں نے پتھر کی طرح سخت اصولوں کو اپنی شعبدہ گری سے پگھلا دیا ہے۔ میں نے انسانوں کی باطنی امراض کی شفا کے لئے اصولوں کے مضبوط ترین نسخے (۱۰: ۵۷) سے ایسی اکسیر بنائی ہے جو انسانیت کے اصولوں میں وہ سختی بخش دے کہ شیشے کی حالت میں بھی پتھر کی طرح سخت ہو جائیں۔

رہے ہیں اور ہیں، فرعون میری گھات میں ابتک
مگر کیا غم کہ میری آستیں میں ہے یدِ بیضا!

میرا کلام اللہ کی ہدایت پر ایسا استوار ہے کہ پہلے بھی فرعون جیسی باطل قوتیں ایسی حق بیانی سے ٹکراتی رہی ہیں اور آج بھی ٹکرا رہی ہیں، لیکن مجھے کوئی فکر نہیں، کیونکہ اللہ نے مجھے اپنی کتابِ نور سے لکھنے والا "یدِ بیضا" عطا کر رکھا ہے، جس کے ذریعے ان کی تمام کوششیں ناکام ہوتی رہتی ہیں۔

وہ چنگاری خس و خاشاک سے کس طرح دب جائے
جسے حق نے کیا ہو نیستاں کے واسطے پیدا!

ایسی سوچ کی چنگاری بھلا گھاس پات کے نیچے کیسے دب سکتی ہے جسے اللہ نے سرکنڈوں کے جنگل کو جلا کر راکھ بنا دینے کی صلاحیت دے کر پیدا کیا ہو۔تاکہ اُس کی خاک سے پھر گلستاں پیدا ہوں۔

محبت خویشتن بینی ، محبت خویشتن داری
محبت آستانِ قیصر و کسریٰ سے بے پروا

محبت کی خصوصیت ہے کہ یہ انسان میں ایسی نظر دے کہ وہ اپنی خودی کو پہچان سکے اور اُس کی حفاظت کر سکے۔محبت سے انسان ایسا وقار آ جاتا ہے کہ پھر وہ قیصر و کسریٰ جیسے شہنشاہوں کی چوکھٹ سے بھیک قبول نہیں کرتا۔

عجب کیا گر مہ و پرویں مرے نخچیر ہو جائیں
"کہ برفتراکِ صاحب دولتے بستم سرِ خود را" (مرزا صائبؔ)

میں جن قلبی کیفیات کی بلندیاں محسوس کر رہا ہوں، عجب نہیں کہ آسمانوں میں چاند اور ستاروں کے جھرمٹ میرا شکار بن جائیں۔ کیونکہ میں نے اپنے فکری مرکز کو رحمت اور کرم کی دولت سے آراستہ ہستی کے حلقۂ نور میں رکھے ہوئے سامان کے ساتھ باندھ رکھا ہے۔

وہ دانائے سُبُل ختم الرسُل مولائے کُل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا

ہدایت کے تمام طریقوں کا مکمل علم رکھنے والی، نبیوں کے سلسلے کو درجۂ کمال پر اختتام پذیر کرنے والی اور مومنین کے لئے رؤف الرحیم ہستی (۹: ۱۲۸) جس نے اُن کی راہوں میں پڑے ہوئے مجھ جیسے ذرّے کو اُٹھا کر کوہِ طور کی بلندی عطا کر دی!


نگاہِ عشق و مستی میں وہی اوّل، وہی آخر
وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ!

اللہ کی معرفت کے انتہائی جذباتِ عشق کی مستی بھری نگاہ میں وہی اوّل ہے اور وہی آخر ہے (۵۷: ۳) اُسی کے اطہر وجود کے قول و فعل سے قرآن کا ظہور ہوا ہے (۵۳: ۳؛ ۴۶: ۹) اور اُسی سے حق و باطل میں فرق سمجھانے والی کتاب فرقان وجود میں آئی ہے۔ اُسی متبرک وجود کے لئے "یٰسین" اور "طٰہٰ" جیسے حروفِ مقطعات کے خطابات مخصوص ہیں!

سنائیؔ کے ادب سے میں نے غوّاصی نہ کی ورنہ
ابھی اس بحر میں باقی ہیں لاکھوں لؤلوئے لالا!

میرے قلبی شعور کے سمندر میں ابھی میرے سامنے لاکھوں نایاب قیمتی موتی اور بھی موجود ہیں، لیکن حکیم سنائی غزنویؒ کے ادب کو ملحوظ رکھتے ہوئے میں آدابِ طریقت کے تحت انہیں پیش نہیں کر سکا☆

☆☆☆☆☆




## Quotes From The Famous Alahabad Address Dec 1930



خطبہ الہ آباد


- " It is open to a people to modify, reinterpret or reject the foundational principles of their social structure; but it is absolutely necessary for them to see clearly what they are doing before they undertake to try a fresh experiment"
- "To address this session of the All-India Muslim League you have selected a man who is not despaired of Islam as a living force for freeing the outlook of man from its geographical limitations, who believes that religion is a power of the utmost importance in the life of individuals as well as States, and finally who believes that ***Islam is itself Destiny and will not suffer a destiny***."
- "Islam does not bifurcate the unity of man into an irreconcilable duality of spirit and matter. In Islam God and the universe, spirit and matter, Church and State, are organic to each other."
- "A Luther in the world of Islam, however, is an impossible phenomenon; for here there is no church organisation similar to that of Christianity in the Middle Ages, inviting a destroyer."
- "A community which is inspired by feelings of ill-will towards other communities is low and ignoble."
- "I entertain the highest respect for the customs, laws, religious and social institutions of other communities. Nay, it is my duty, according to the teaching of the Quran, even to defend their places of worship, if need be."
- "One lesson I have learnt from the history of Muslims. At critical moments in their history it is Islam that has saved Muslims and not vice versa."
- "One of the profoundest verses in the Holy Quran teaches us that the birth and rebirth of the whole of humanity is like the birth and rebirth of a single individual. Why cannot you who, as a people, can well claim to be the first practical exponents of this superb conception of humanity, live and move and have your being as a single individual?"
- "Pass from matter to spirit. Matter is diversity; spirit is light, life and unity."

مری نوا سے گریبانِ لالہ چاک ہوا
نسیمِ صبح، چمن کی تلاش میں ہے ابھی



# علامہ اقبال کی بیاض کا ایک صفحہ

یہ نظم بانگِ درا کے حصہ سوم میں موجود ہے



مئی سنہ ۱۹۱۰ء

بلال

لکھا ہے ایک مغربی حق شناس نے - اہلِ قلم میں جس کا بہت احترام تھا
جولاں گہِ سکندرِ رومی تھا ایشیا - گردوں سے بھی بلند تر اس کا مقام تھا
تاریخ کہہ رہی ہے کہ رومی کے سامنے - دعویٰ کیا جو پورس و دارا نے خام تھا
دنیا کے اس شہنشہِ انجم سپاہ کو - حیرت سے دیکھتا فلکِ نیل فام تھا

لیکن ایشیا میں اس کو کوئی جانتا نہیں
تاریخ دان بھی اسے پہچانتا نہیں

لیکن بلال وہ حبشی زادۂ حقیر - فطرت تھی جس کی نورِ نبوت سے مستنیر
جس کا امیں ازل سے ہوا سینۂ بلال - محکوم اس صدا کے ہیں شاہنشہ و فقیر
ہوتا ہے جس سے اسود و احمر میں اختلاط - کرتی ہے جو غریب کو ہم پہلوئے امیر
ہے تازہ آج تک وہ نوائے جگر گداز - صدیوں سے سن رہا ہے جسے گوشِ چرخِ پیر

اقبال کس کے عشق کا یہ فیضِ عام ہے ؟
رومی فنا ہوا، حبشی کو دوام ہے !

مئی سنہ 1910


## بلال

لکھا ہے ایک مغربی حق شناس نے
اہلِ قلم میں جس کا بہت احترام تھا
جولاں گہِ سکندرِ رومی تھا ایشیا
گردوں سے بھی بلند تر اس کا مقام تھا
تاریخ کہہ رہی ہے کہ رومی کے سامنے
دعویٰ کیا جو پورس و دارا نے، خام تھا
دنیا کے اس شہنشہِ انجم سپاہ کو
حیرت سے دیکھتا فلکِ نیل فام تھا

آج ایشیا میں اس کو کوئی جانتا نہیں
تاریخ دان بھی اسے پہچانتا نہیں

لیکن بلال! وہ حبشی زادۂ حقیر
فطرت تھی جس کی نورِ نبوت سے مُستنیر
جس کا امیں ازل سے ہوا سینۂ بلال
محکُوم اس صدا کے ہیں شاہنشہ و فقیر
ہوتا ہے جس سے اسود و احمر میں اختلاط
کرتی ہے جو غریب کو ہم پہلوئے امیر
ہے تازہ آج تک وہ نوائے جگر گُداز
صدیوں سے سن رہا ہے جسے گوشِ چرخِ پیر

اقبال! کس کے عشق کا یہ فیضِ عام ہے ؟
رومی فنا ہوا، حبشی کو دوام ہے !



"It is determination, not brains, that succeeds in life."

# اقبال — جسے ہم نے فراموش کر دیا

ڈاکٹر طاہر حمید تنولی

علامہ اقبال کی حیثیت ہماری ملی تاریخ میں بزرخی سنگ میل کی سی ہے۔ شاہ ولی اللہ کے بعد برصغیر میں اقبال وہ شخصیت ہیں جنہوں نے ہمیں تہذیبی سطح پر وہ شعور دیا جو قوموں کی زندگی، بقا اور تسلسل کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ یہ امر حوصلہ افزا ہے کہ بطور قوم ہم نے اقبال کا تذکرہ ماند نہیں پڑنے دیا۔ ہمارا کم و بیش ہر مکالمہ اور ہر بیانیہ کسی نہ کسی حوالے سے اقبال سے ضرور متاثر اور متعلق ہوتا ہے۔ اور سال میں دو مواقع ایسے ضرور آتے ہیں جب اقبال کا ذکر پورے زور و شور سے کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کے ساتھ ہی ایک لمحہ فکریہ بھی ہے کہ ہم اقبال کے ذکر کو ایک رسمی انداز سے آگے نہیں بڑھا سکے۔ فکر اقبال کی جو تفہیم کی جانی چاہیے تھی وہ عامۃ الناس کی سطح پر تو کیا ہوتی، علمی اور تحقیقی اداروں میں بھی کما حقہ نہیں ہو سکی۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہماری قومی زندگی، ہمارا ملکی نظام اور اجتماعی اسلوب فکر و عمل فکر اقبال سے کوسوں دور ہے۔ قوم کشتہ سلطانی و ملائی و پیری کا اسی طرح منظر پیش کر رہی ہے جس طرح یہ سب کچھ اقبال کی اپنی زندگی میں تھا۔

حکیم الامت علامہ محمد اقبال کی فکر اور رہنمائی قیام پاکستان کی اساس ہے جس کا اعتراف بانی پاکستان حضرت قائداعظم نے بھی کیا۔ مگر نسل نو کو کبھی بھی ایک مربوط اور منظم انداز سے فکر اقبال سے روشناس کروانے کی کوشش نہیں کی گئی۔ آج ہمیں جن طرح طرح کے چیلنجوں کا سامنا ہے، یہ تقاضا ماضی کی نسبت کہیں زیادہ بڑھ گیا ہے کہ ہم اقبال کا تذکرہ صرف رسمی حد تک ہی محدود نہ رکھیں بلکہ فکر اقبال کو اپنے قومی نظام تعلیم و تربیت کا حصہ بنائیں۔

اس کا آغاز کہاں سے ہو؟ اس کے لیے ہمیں علامہ کی کم از کم وہ تحریریں جو ان کی فکر کی نمائندہ ہونے کے ساتھ ساتھ ہمارے آج کے حالات سے بھی متعلق ہیں وہ ناگزیر طور پر ہمارے نصاب کا حصہ ہونے چاہئیں۔ ان میں تین تحریریں نمایاں ہیں: خطبہ الہ آباد، ملت بیضا پر ایک عمرانی نظر اور اسلام اور قومیت۔ خطبہ الہ آباد کو ہماری تحریک آزادی میں میگنا کارٹا کی حیثیت حاصل ہے۔ کیونکہ یہ وہ دستاویز ہے جس نے ہندوستان میں ایک آزاد اور الگ مسلم مملکت کے قیام کی نظریاتی، دستوری اور عملی بنیادیں فراہم کیں۔ علامہ پہلے مفکر ہیں جنہوں نے دور جدید میں مسلم تہذیب کی تقدیر کو ایک آزاد اور الگ مسلم ریاست کے قیام سے منسلک کرتے ہوئے قرار دیا کہ اسلام خود ایک تقدیر ہے اور اسے کسی دوسرے تقدیر کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔ اسلام کا اخلاقی نصب العین اور سیاسی نظام ایک وحدت ہے۔ اسلام کا معاشرتی ڈھانچہ اس کے اخلاقی نصب العین اور اسلامی قانون کے تحت وجود میں آتا ہے۔ علامہ نے اس خطبے میں ہندوستان کی سیاسی کشمکش کو نظری مسئلے کی بجائے ایک زندہ اور عملی مسئلہ قرار دیا جس سے اسلام کے دستور حیات اور نظام عمل کے تار و پود متاثر ہو سکتے ہیں۔ یہی وہ پس منظر تھا جس میں علامہ نے فرمایا کہ شمال مغربی ہندوستان میں ایک آزاد مسلمان مملکت کا قیام ہندوستان کے مسلمانوں کا مقدر ہے۔ اگر ہم ماضی کی تاریخ کو دیکھیں تو حقیقت یہ ہے کہ خطبہ الہ آباد مسلم تہذیب، مسلم سیاست اور بحیثیت ملت اس کے سیاسی مستقبلکی تفہیم کی ایسی دستاویز ہے جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ اپنی اس بصیرت کی بنیاد پر اقبال نے اسلام کو مسلمانوں کی بقا کی اساس قرار دیا نہ کہ اس کے برعکس۔

علامہ کی دوسری تحریر 'ملت بیضا پر ایک عمرانی نظر ہے'۔ اس تحریر کی اہمیت موجودہ حالات میں اس لیے بھی زیادہ ہے کہ اس معاملے کو ہمیشہ کے لیے حل کر دینے کی ضرورت ہے کہ قوم کیا ہوتی ہے اور کس طرح وجود میں آتی ہے۔ اور پاکستانی قوم بطور قوم کیا ہے؟ اس کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ اور خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی کے تناظر میں پاکستانی قوم کی تعریف کیا ہوگی؟ اس مضمون میں علامہ فرماتے ہیں کہ مسلم قوم کے متعلق کوئی قطعی رائے قائم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ان امور کو زیر غور لایا جائے: مسلم قوم کی ہیئت ترکیبی، اسلامی تمدن کی یک رنگی اور مسلمانوں کی اس سیرت کا نمونہ جو مسلمانوں کے قومی وجود کے تسلسل کے لیے لازمی ہے۔ علامہ فرماتے ہیں کہ قومیت کا اسلامی تصور دوسری اقوام کے تصور سے بالکل مختلف ہے۔ ہماری قومیت کا اصول نہ اشتراک زبان ہے، نہ اشتراک وطن اور نہ اشتراک اغراض اقتصادی۔ بلکہ ہم سب اس برادری کا حصہ ہیں جو جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم فرمائی تھی۔



"There is no mediator between God and man. God is the birthright of every man."

# خطبہ الہ آباد، ملت بیضا پر ایک عمرانی نظر اور اسلام اور قومیت

قومیت کے جدید تصور نے بین الاقوامی سطح پر قوموں میں غلط فہمیاں پیدا کی ہیں۔ اس سے پولیٹیکل سازشوں اور منصوبہ بازیوں کا بازار گرم ہوا ہے جبکہ اسلام دنیا میں اس طرح کے ہر شرک جلی و خفی کے خاتمے کے لیے آیا۔ اس تحریر میں علامہ نے اسلامی تمدن کی یک رنگی اور یکسانیت کو زندگی کے مختلف شعبوں میں مسلمانوں کے کارناموں کے ساتھ واضح کیا ہے۔ علامہ فرماتے ہیں کہ ہمیں ایسا اجتماعی کردار تشکیل دینا ہے جو ہمارے قومی وجود کے تسلسل کا باعث ہو۔ ہماری قومی سرگرمیوں کی محرک اقتصادی اغراض نہیں ہونی چاہئیں بلکہ قوم کی وحدت کی بقا اور اس کی زندگی کا تسلسل قومی آرزوؤں کا ایک ایسا نصب العین ہے جو فوری اغراض کی تکمیل کے مقابلے میں زیادہ اشرف و اعلیٰ ہے۔ علامہ فرماتے ہیں کہ ہماری قوم کا شیرازہ اسی وقت تک بندھا رہ سکتا ہے جب تک کہ ہم مذہب اسلام اور تہذیب اسلام کے ساتھ منسلک ہیں۔ ہمیں زندگی کے ہر شعبہ میں اپنے قدموں پر کھڑا ہونا ہے مگر اس کے لیے ضروری ہے کہ اگر ہم اچھے کاریگر، اچھے تاجر اور اچھے صنعتکار اور اچھے شہری پیدا کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہیے کہ انہیں پہلے پکا مسلمان بنائیں۔

علامہ کی تیسری اہم تحریر 'اسلام اور قومیت' ہے۔ قومی سطح پر خلفشار کے موجودہ ماحول میں اس تحریر کی وہی اہمیت ہے جو ایک بیمار مریض کے لیے دوا کی ہے۔ اس تحریر میں علامہ نے اسلام کے بنیادی سرچشموں کی روشنی میں مسلمان قوم کے اجتماعی وجود کے تعین کا حق ادا کر دیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ مسلمان قوم کو محدود ارضی وابستگی سے اپنی شناخت طلب نہیں کرنی چاہیے۔ وطن انسانی ہیئت اجتماعی کا ایک اصول ہے اور اس اعتبار سے جدید سیاسی تصور ہے مگر اسلام جو خود ہیئت اجتماعیہ انسانیہ کا قانون ہے، وطن بطور جدید سیاسی تصور کے اس سے متصادم ہے۔

علامہ فرماتے ہیں کہ مسلمان قوم ایک وحدت ہے۔ اور یہ کسی طور پر بھی ممکن نہیں کہ یہ دینی و شرعی لحاظ سے تو قوانین الٰہی کی پابند ہو مگر ملکی اور وطنی لحاظ سے کسی ایسے دستور عمل کی پابند ہو جو ملی دستوری اصول سے مختلف بھی ہو۔ بلکہ مسلمان قوم تو ایک ایسی ملت ہے جس میں قبیلہ، رنگ و نسل، زبان، وطن اور اس طرح کے ہزارہا پہلوؤں سے بالاتر ہو کر تمام افراد و گروہ یکجان و یک وجود ہو گئے ہیں۔ گویا ملت یا امت اقوام کی جاذب ہے اور خود ان میں جذب نہیں ہو سکتی۔ یہی وہ تصور ہے جو اس دعا سے بھی نمایاں ہوتا ہے جو حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ نے تعمیر کعبہ کی تکمیل پر کی تھی۔


اس تحریر میں علامہ ایک بنیادی نکتے کی طرف متوجہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر اس طرح کی شناختوں پر رسول اللہ انحصار کر کے قوم کی تشکیل کرتے تو یہ راہ ایک وطن دوست کی راہ ہوتی نبی آخر الزمان کی راہ نہ ہوتی۔ کیونکہ نبوت محمدیہ کی غایت اور مقصود ہی یہ ہے کہ ایسی قوم تشکیل کی جائے کہ جو قانون الٰہی کی پابند ہو اور زمان، مکاں، وطن، نسل، نسب، زباں، جیسی محدود وابستگیوں سے بالاتر ہو۔ اگر یہی اعلیٰ منزل تاریخی عمل کے ذریعے حاصل کرنا ہوتی تو اس کے لیے خدا جانے کتنی صدیاں درکار ہوتیں مگر آپ نے یہ کام صرف تیرہ برسوں میں مکمل کر دیا۔ اس تحریر میں علامہ نے ہندوستان کی تحریک آزادی میں مسلمانوں کی جدوجہد کا بھی یہی مقصد قرار دیا۔ فرمایا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری آزادی کے لیے جدوجہد سے اگر ہندوستان مکمل طور پر نہیں تو اس کا کوئی حصہ ہی ان اعلیٰ انسانی اقدار کا مظہر بن جائے جو اسلام نے عطا کی ہیں۔ اگر آزادی ہند کا یہ نتیجہ ہونا ہے کہ جیسا اس کا حال اب ہے ویسا بعد میں بھی ہو یا اس سے بھی بدتر بن جائے تو مسلمان ایسی آزادی وطن پر ہزار بار لعنت بھیجتا ہے۔ ایسی آزادی کے لیے لکھنا، بولنا، روپیہ صرف کرنا، لاٹھیاں رکھنا، گولی کا نشانہ بننا سب کچھ حرام اور قطعی حرام سمجھتا ہے۔

یہ ایک لمحہ فکریہ ہے کہ قوم کا جو تصور بانیان پاکستان کے پیش نظر تھا اور جس کی وضاحت علامہ کی مذکورہ بالا تحریروں میں موجود ہے، آج ہم اس سے کتنا دور ہو چکے ہیں۔ سبب وہی کہ ہم نے نہ اس تصور کی اہمیت محسوس کی نہ اسے قومی نظام تعلیم و تربیت میں شامل کر کے نسل نو کے شعور کا حصہ بنایا۔ اب بھی وقت ہے کہ ہم اس کوتاہی کا ازالہ کریں اور ان خطرات کے سامنے بند باندھیں جو مسلسل ہمارے قومی وجود کا شیرازہ بکھیر رہے ہیں۔ اس وقت جب کہ وزیر اعظم پاکستان نے بھی اپنے ایک بیان میں قومی تعلیمی نصاب کی تشکیل نو اور اسے قومی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی بات کی ہے ہمیں اقبال کی مذکورہ بالا تین تحریریں ہمیں سوئے منزل گامزن کر سکتی ہیں۔



خودی کی پرورش و تربیت پہ ہے موقوف
کہ مشتِ خاک میں پیدا ہو آتشِ ہمہ سوز

یہی ہے سرِ کلیمی ہر اک زمانے میں
ہوائے دشت و شعیب و شبانیِ شب و روز



اہلِ دانش عام ہیں، کم یاب ہیں اہلِ نظر
کیا تعجب ہے کہ خالی رہ گیا تیرا ایاغ


شیخِ مکتب کے طریقوں سے کشادِ دل کہاں
کس طرح کبریت سے روشن ہو بجلی کا چراغ




پر ہے افکار سے ان مدرسے والوں کا ضمیر
خوب و ناخوب کی اس دور میں ہے کس کو تمیز

چاہیے خانہ دل کی کوئی منزل خالی
شاید آجائے کہیں سے کوئی مہمانِ عزیز


"سچ پوچھیں تو تمام قومی عروج کی جڑ بچوں کی تعلیم ہے۔ اگر طریق تعلیم علمی اصولوں پر مبنی ہو تو تھوڑے ہی عرصہ میں تمام تمدنی شکایات کافور ہو جائیں اور دنیوی زندگی ایک ایسا دلفریب نظارہ معلوم ہو کے اس کے ظاہری حُسن کو مطعون کرنے والے فلسفی بھی اُس کی خوبیوں کے ثنا خواں بن جائیں۔"



"حقیقت یہ ہے کہ بچہ ایک متعلم ہستی نہیں بلکہ سراپا ایک متحرک ہستی ہے، جس کی ہر طفلانہ حرکت سے کوئی نہ کوئی فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ مثلاً اینٹوں کے گھر بنانا، لڑی میں منکے پرونا، گانا وغیرہ، وہ زائد اعصابی قوت جو رونے اور بے جا شور کرنے میں صرف ہوتی ہے ایک باقاعدہ شور یا راگ میں آسانی سے منتقل ہو سکتی ہے اور جو قوت ضرر رساں اشیاء کو چھونے اور دیگر چیزوں کو اِدھر اُدھر پھینکنے میں صرف ہوتی ہے اینٹوں کے گھر بنانے میں سہولت سے صرف ہو سکتی ہے۔"



"الفاظ کو یاد رکھنے کے لئے بچہ کا حافظہ حیرت ناک ہے۔ اپنی مادری زبان کی پیچیدگیاں کس آسانی سے سیکھ جاتا ہے اور یاد کر لیتا ہے۔ معلم کو لازم ہے کہ اپنے شاگردوں کو عمدہ عمدہ اشعار اور نظمیں یاد کرائے اور پڑھے ہوئے سبقوں کے مضامین کی طرف بار بار اشارہ کرے۔"



~~Stray Thoughts~~ Reflections

Muhammad Iqbal
27th April 10.

# Stray Reflections

Some Reflections From Allama's Personal Notebook

**36. Hegel, Goethe, Ghalib, Bedil and Wordsworth**

I confess I owe a great deal to Hegel, Goethe, Mirza Ghalib, Mirza Abdul Qadir Bedil and Wordsworth. The first two led me into the "inside" of things; the third and fourth taught me how to remain oriental in spirit and expression after having assimilated foreign ideals of poetry, and the last saved me from atheism in my student days.

I confess I owe a great deal to Hegel, Goethe, Mirza Ghalib, Mirza Abdul Qadir Bedil and Wordsworth. The first two led me into the "inside" of things; the 3rd & 4th taught me how to remain oriental in spirit and expression after having assimilated foreign ideals of poetry, and the last saved me from Atheism in my student days.

**46. Ideas**

Individuals and nations die; but their children, i.e. ideas, never die.

~~Ideas never die~~ Individuals and nations die, but their children i.e. ideas never die.

**82. Contemplation Without Action**

Life, like the arts of poetry and painting, is wholly expression. Contemplation without action is death.

Life, like the arts of poetry & painting, is wholly expression. Contemplation without action is death.




*" Come dear friend!*

*Thou hast known me only as an abstract thinker and dreamer of high ideals.*
*See me in my home playing with the children and giving them rides turn by turn as if I were a wooden horse!*
*Ah! See me in the family circle lying in the feet of my grey haired mother the touch of whose rejuvenating hand bids the tide of time flow backward and gives me once more the school-boy feeling in spite of all the Kants and Hegels in my head!*
***Here Thou will know me as a human being."***

*Muhammad Iqbal*

**110. The Poet As a Human Being**

عشق کے مضراب سے نغمۂ تارِ حیات عشق سے نورِ حیات عشق سے نارِ حیات



# IQBAL DAY 2017 CANADA HAMILTON

PRESENTED BY

## Consulate General of Pakistan

**Toronto, Canada**

pakconsulate@pakmission.ca

7880 Keele Street Unit No. 14 , Vaughan Canada L4K 4G7
Office: 905-532-0042
Fax: 905-532-9531

**www.pakmission.ca**
www.facebook.com/Consulate-General-of-Pakistan-Toronto-645678588930799

## International Iqbal Society

**info@iqbalsociety.org**

http://youtube.com/AllamaMIqbal
http://twitter.com/AllamaMIqbal
http://instagram.com/AllamaMIqbal
http://bit.ly/AllamaMIqbal_AndroidApp
http://dailymotion.com/AllamaMIqbal

**www.Iqbal.com.pk**
www.facebook.com/AllamaMIqbal

## Pakistan Business Association Of Hamilton (PBAOH)

zafar@pbaoh.ca

948 Main St East. Hamilton On L8M 1M8
Phone: 905 531 6869

**www.pbaoh.ca**
www.facebook.com/Pakistan-Business-Association-of-Hamilton-286280208448650